نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے ترشاوہ باغات کی دیکھ بھال بارے سفارشات جاری کر دیں

لاہور،09مارچ2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق باغبان مختلف اقسام کی ترشاوہ پھلوں کی پیوندکاری کا عمل جاری رکھیں۔ جڑی بوٹیوں کے خاتمے، باغات اور نرسری کو رس چوسنے والے کیڑوں مثلاً سٹرس سلا، سفید مکھی، پھل کی مکھی اور لیف مائنر سے بچانے کیلئے کے لیے محکمہ زراعت توسیع کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے سپرے کریں۔ اس کے علاوہ پھل کی مکھی کے انسداد کے لیے جنسی پھندے لگائیں۔ اس ضمن میں 1 ایکڑ میں 6 تا 8 جنسی پھندے لگائیں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ درجہ حرارت بڑھنے کی صورت میں پھل بننے کا عمل جلدی مکمل ہو سکتا ہے لہٰذا پانی کی کمی نہ آنے دیں۔ اس کے علاوہ پھل بننے پر محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے مناسب پھپھوندی کش زہر کا سپرے کریں۔

☆☆☆